**17/04/2026**

**07.40 / PM**

***........ آبنائے حرمز کو تجارتی جہاز رانی کےلئے مکمل طور سے کھولنے کا ایران کا اعلان۔**

***........ لوک سبھا میں آئین کے 131 ویں ترمیمی بل ، حد بندی اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے قوانین سے متعلق ترمیمی بل پر بحث شروع ۔**

***........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہاکے ہاتھوں Sariah کا راجوری میں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح۔**

**اور**

***........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت کو ابھارنے کا دہرایا عزم ۔ Talent بخشنے اور**

**امریکہ۔ ایران**

**امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور ایران کے وزیر خارجہ عباس Araghchi نے اعلان کیا ہے کہ آبنائے حرمز تجارتی جہاز رانی کےلئے پوری طرح سے کھلا ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں وزیر خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ لبنان میں جنگ بندی کے تناظر میں آبنائے حرمز کو تجارتی جہاز رانی کےلئے کھول دیا گیا ہے۔**

**امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بھی سو شل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ ایران نے آبنائے حرمز کو آواجائی کےلئے کھولنے کا اعلان کیا ہے۔**

**بحث**

**لوک سبھا میں تین بلوں پر غور و خوض اور منظوری کے لئے آج پھر سے بحث شروع ہو گئی ہے ۔ ان میں آئین کا 131 واں ترمیمی بل 2026 ، حد بندی بل اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے قوانین سے متعلق ترمیمی بل 2026 شامل ہیں۔ ان بلوں کا مقصد لوک سبھا اور ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں خواتین کی شمولیت کو بڑھانا ہے۔**

**آئین کے 106 ویں ترمیمی ایکٹ 2023 کو، جسے ناری شکتی وندن ادھینئم کے نام سے جانا جاتا ہے، اس میں لوک سبھا اور قانون ساز اسمبلیوں میں خواتین کیلئے تقریباً ایک تہائی سیٹوں**

کے ریزرویشن کی گنجائش ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے ممبران پارلیمنٹ نے اس بحث میں حصہ لیا ۔

مودی اپیل

وزیر اعظم نریندر مودی نے تمام پارلیمنٹ ممبروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ناری شکتی وندن ادھینئم کو اپنی حمایت دیں ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ ملک کی کروڑوں خواتین کی نگاہیں پارلیمنٹ ، اس کے فیصلوں پر ٹکی ہوئی ہیں ۔ انہوں نے سیاسی پارٹیوں سے اپیل کی کہ وہ خواتین ریزرویشن کے حق میں ووٹ دیں ۔

تاثرات

خواتین کو 33 فیصد ریزرویشن دینے سے متعلق بل پر کئی پارلیمنٹ ممبروننے اپنے اپنے تاثرات کا اظہار کیا ۔ یہ ہیں بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ دِنیش شرما ۔

-----Dinesh-----

جنتا دل یونائٹڈ کے ممبر پارلیمنٹ سنجے جھا نے اس ضمن میں آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

----Sanjay----

BJP کی ریتو کھنڈوری کے تاثرات ۔ یہ ہیں

-----Ritu----

BJP چھتیس گڑھ سے تعلق رکھنے والی ایم پی لکشمی ورما نے خواتین ریزرویشن بل کے بارے میں کہا ۔

------Lakshmi-----

ناری شکتی

آئین کے 106ویں ترمیمی ایکٹ 2023 کو، جسے ناری شکتی وندن ادھینئم کے نام سے جانا جاتا ہے، کل سے لاگو ہو گیا ہے۔ 2023 میں پارلیمنٹ نے اس قانون کو پاس کیا تھا جو اپنے قومی سفر میں ایک تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں لوک سبھا اور قانون ساز اسمبلیوں میں خواتین کیلئے تقریباً ایک تہائی سیٹوں کے ریزرویشن کی گنجائش ہے۔ ناری شکتی وندن ادھینئم کا مقصد جمہوری نظام میں خواتین کی اور زیادہ شمولیت کو یقینی بنانا ہے۔

راجوری LG

راجوری کا دورہ کر کے وہاں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں Sariahلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج کا افتتاح کیا۔ بعد میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ انتظامیہ دوردراز علاقوں کی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

سنہا یاترا

کے سلسلے میں چنکیا چوک Parshuram Ji Jayanti لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج بھگوان پریڈ سے ایک بڑی شوبھایاترا کو جھنڈ دکھا کر روانہ کیا ۔ اس یاترا کا انعقاد ڈوگرا برہمن استھاپن پر Parshuram نے کیا تھا ۔ اس سے پہلے ایل جی نے بھگوان Pratinidhi Sabha حاضری دی اور لوگوں کی ترقی اور خوشحالی کے لئے دعا کی ۔ اس موقعہ پر ارکانِ قانون سازیہ یُد ویر سیٹھی اور دیویانی رانا کے علاوہ کئی اہم شخصیات بھی موجود تھےں ۔

ملاقات

کی قیادت میں R C Guptaشری رام چندر مشن کے ایک وفد نے اس کے ورکنگ کمیٹی ممبر لوک بھون جمونمیں ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

عمر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے اور کو ابھارنے کے حکومت کے عزم کو دہرایا ہے ۔ جموں میں Talent ہر ایک علاقے میں نوجوان آج شیر کشمیر کرکٹ کلب کی جرسی کی نقاب کُشائی کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے کھلاڑی مختلف کھیلوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرکے جموں کشمیر کے ساتھ ساتھ پورے ملک کا نام روشن کر رہے ہیں۔ انہوں نے کرکٹ کو فروغ دینے کے لئے شیر کشمیر کرکٹ کلب کے رول کی ستائش کی ۔ اس موقعہ پر کھیل کود کے وزیر ستیش شرما اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے ۔

”Checklist of Mammals of Jammu , وزیر اعلیٰ نے اس سے پہلے وائلڈ لائف میگزین Kashmir India “ کو بھی جاری کیا ۔

عمر ملاقات

جموں میں آج متعدد وفود اور افراد وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقی ہوئے ۔انہوں نے وزیر اعلیٰ کو اپنے اپنے مسائل سے آگاہ کیا ۔ وزیر اعلیٰ نے وفود کے مسائل غور سے سنے اور انہیں یقین دلایا کہ اجاگر کئے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ۔

Gongنشہ

*........اب نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان سے متعلق خبریں۔

----Gong----

ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں اور سماج سے اس کا قلع قمع کرنے کے لئے پولیس ، انتظامیہ اور مختلف محکمے متحد ہو کر بے مثال کام انجام دے رہے ہیں ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے چند روز پہلے اس ابھیان کا آغاز کرتے ہوئے ڈرگ سمگلروں کے خلاف ایک واضح پیغام میں کہا کہ سماج میں پنپ رہے اس ناسور کی پشت پناہی کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی ۔

----(DRUGS)--LG------

سادیہ ڈرگ

اس بدعت کا خاتمہ کرنے کیلئے لازمی اقدامات کے تعلق سے ڈینٹل کالج سرینگر میں تعینات ایک ڈینٹل سرجن ڈاکٹر سادیہ جان نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

......DR. Sadiya.....

نشہ مکت

منشیات کے خاتمہ اور عوامی بیداری کےلئے پولیس نے اپنی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں۔ پولیس سرینگر سے شروع ہو SKICCنے آج سرینگر مینایک سائیکل ریس کا انعقاد کیایہ سائیکل ریس کر نشاط باغ کے پاس اختتام پذیر ہوئی۔ سائیکل ریس کا ڈسڑکٹ یو تھ سروسز اینڈ سپورٹس افسر سرینگر نے جھنڈی دکھا کرروانہ کیا۔انہوننے اس موقعے پر کہا کہ نشہ مکت ابھیان کو کامیاب بنانے کےلئے ہر ممکنہ اقدام کیا جائے گا۔

اسی طرح کی مہمات آج بڈگام، کھریو، پلوامہ، سوپور اور گاندربل میں بھی جاری ر ہیں۔ جہاں گاؤں سطح پرتعلیمی اداروں اور بازاروں سمیت دیگر کئی مقامات پر نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے حوالے سے آگاہی پروگراموں اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔

ٹاور شوپیان سے ہوا۔ Clock پولیس نے آج شوپیان میں سٹیکر مہم کا انعقاد کیا ۔ مہم کا آغاز جیسے پیغامات پر مشتمل سٹیکرس گاڑیوں اور اہم عوامی مقامات پر No to drugs مہم میں چسپاں کئے گئے۔

سرینگرDC

دریں اثناءسرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ ضلعے کو نشہ سے پاک کرنے اور اس لت میں ملوث نوجوانوں کی راحت رسانی کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

-----DC Sgr-----

نشہ مکت جموں

نشہ مکت ابھیان کے تحت جموں میں بھی سرگرمیاں جاری ہیں۔ جموں کے پونچھ ، کٹھوعہ، ادھمپور، ریاسی اور راجوری اضلاع میں پولیس نے آگاہی پروگراموں، ریلیوں اور دیگر مختلف کارروائیوں کا انعقاد کیا۔ جبکہ کئی مقامات پر پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے ہیروئن بر آمد کی، پوست کی کاشت تباہ کی، غیر قانونی شراب ضبط کی اور جائیدادیں بھی منسلک کیں۔

PDF

پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ کے صدر حکیم محمد یاسین نے جموں کشمیر میں منشیات کو ختم کرنے کے لئے ایل جی منوج سنہا کی طرف سے شروع کئے گئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کا خیر مقدم کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اس بدعت میں ملوث لوگوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جانی چاہئے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

-----Gong-----

حج

جموں وکشمیر سے اس سال حج بیت اللہ پر جانے والے عازمین کی روانگی کا سلسلہ کل سے شروع ہوگا۔

جمونو کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے کہا ہے کہ کل تین پروازیں روانہ ہو رہی ہیں اور عازمین کی روانگی کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

------BYTE------

صحتGong

*........اب پیش ہے بزرگوں کی صحت سے متعلق یہ خبر

----Gong----

زبیر

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ بزرگ میاں بیوِیوں کے درمیان رشتوں کا مضبوط ہونا نہایت ہی لازمی ہے ۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

--(Byte)--

ریل

اب پیش ہے ریل خدمات سے متعلق خبر۔

-----Music------

نادرن ریلوے ڈویژن جموں کے ڈویژنل ریلوے منیجر وویک کمار نے آج سینئر افسروں کے ہمراہ کٹھوعہ سے مادو پور پنجاب تک ریل سیکشن کا معائنہ کیا ۔ اس دوران انہوننے وہاں جا ری ترقیاتی کاموں کا بھی جائزہ لیا۔

متعارف کیا ہے۔Rail one app اس دوران ریلوے نے مسافروں کی سہولت کےلئے

------Promo------

سیا سیGong

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

فاروق

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ممبر پارلیمنٹ انجینئر رشید کو رہا کرنے کی مرکزی سرکار سے اپیل کی ہے ۔ ایک پریس بیان میں ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہاہے کہ انجینئر رشید کے والد علیل ہیں اور اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔ انہوں نے کہاکہ اس کے مد نظر انجینئر رشید کو انسانیت کی بنیاد پر رہا کیا جانا چاہئے ۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے زڈی بل کے سابق اسمبلی ممبر صادق علی کو ان کی پندرہویں برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ان لیڈروں نے ایک مشترکہ بیان میں مرحوم کی بے لوث خدمات کو یاد کیا ۔

دریں اثناءڈاکٹر فاروق عبداللہ نے حضرت بابا حیدر ریشی المعروف ریش مولو ؒ کے 461 ویں عرس پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔

اِدھر خواجہ زین الدین علی دار ؒ کے عرس مبار ک کی اختتامی تقریب آج اُن کے آستانِ عالیہ واقع زینہ دار صاحب حبہ کدل میں منعقد ہوئی ۔

بی جے پی

بی جے پی جموںو کشمیر کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران ناری شکتی وندن ابھینیم کے تحت عملائے جا رہے پروگرام کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر مختلف اضلاع میں سیاسی منظر نامے میں خواتین کی شراکت داری بڑھانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔

پارٹی کے جنرل سیکریٹری گوپال مہاجن اور وید شرما کی صدارت میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر تمام پارٹی سیلز کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں تنظیمی امور کا جائزہ لیا گیا۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموںو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ جموںو کشمیر میں اقتصادی طور کمزور طبقوں کی راحت رسانی کےلئے ان کے بجلی بلوں پر جمع ہوئے سود کو فور ی طور سے معاف کرے۔ ایک بیا ن میں انہوننے کہا کہ بیشتر بی پی ایل کنبے یہ بلیں ادا نہیں کر پا رہی ہیں۔

IGP

سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران وادی کے سلامتی PCRکشمیر وی کے بردی نے آجIGP صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوںنے آنے والی تقاریب کی ضمن میں سلامتی منظر نامے کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوںنے کہا کہ قوم دشمن عناصر پر سخت نظر گذر رکھی جانی چاہئے اور ان کے عزائم کو ناکام بنایا جانا چاہئے۔ انہوںنے حج انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج ایک میٹنگ میننور باغ سرینگر میں زیر تعمیر60 ایم ایس ڈی سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ سمیت دیگر اہم منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

سے متعلق تمام مسائل31مئی تک حل STPڈویژنل کمشنر نے افسران کو ہدایت دی کہ نور باغ کئے جائیں تاکہ منصوبہ مکمل طور پر فعال ہو سکے۔

ر STPsمیٹنگ میں ڈل جھیل، دودھ گنگا اور دیگر علاقوں میں آلودگی کے خاتمے کےلئے نئے بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں اکثر مقامات پرہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت15 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاری2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 57 منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر04منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.................................

.....................

..........